فوری ریلیز کے لیے: 3/11/2022　　　　　　　　　　　　　　　　گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے ریاست میں صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کے لیے وفاقی بنیادی ڈھانچے کے دو طرفہ قانون کی فنڈنگ حاصل کرنے والے پہلے منصوبوں کا اعلان کیا***

***یہ 11 کاؤنٹیز میں پانی کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں میں 176$ ملین کی ریاستی اور وفاقی سرمایہ کاری کا حصہ ہے***

***اعلان نیو یارک کے پانی اور گٹر کے نظام کو اپ گریڈ کرنے، پانی کی آلودگی کو کم کرنے اور پینے کے پانی کی اہم فراہمی کی حفاظت کے لیے تازہ ترین کارروائی کی نشاندہی کرتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج پانی کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے منصوبوں کے لیے 176$ ملین کی مالی امداد کا اعلان کیا جو صحت عامہ اور ماحولیات کے لیے ممکنہ خطرات کو کم کرتے ہیں، ان مین ریاست نیو یارک میں قصبہ لبرٹی اور نیوبرگ شہر میں بنیادی ڈھانچوں کے دو طرفہ قانون کے تحت صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی مالی اعانت حاصل کرنے پہلے منصوبے بھی شامل ہیں۔ انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کم لاگت کی مالی اعانت اور ماضی میں اعلان کردہ گرانٹس کی منظوری دے کر بلدیات کو اس سرمائے تک رسائی کی اجازت دی جو پینے کے پانی اور سیوریج کے انتہائی لازمی منصوبوں پر کام شروع کے لیے درکار تھا۔ بورڈ نے طویل مدتی مالیاتی تبادلوں کی بھی منظوری دی جو مکمل شدہ منصوبوں پر بلدیات کے لیے قرض کے سود میں رعایت فراہم کرتے ہیں۔

"نیو یارک کمیونٹیز کے پانی کے نظاموں کو اپ گریڈ کرنے اور پانی کے معیار کو بہتر بنانے میں مدد دینے کے لیے بے مثال مالی معاونت جاری رکھے ہوئے ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماری ریاست کی قومی سطح پر صاف پانی کی سرمایہ کاری کے ساتھ مل کر، بنیادی ڈھانچوں کے دو طرفہ قانون کی فنڈنگ کا یہ پہلا دور لبرٹی اور نیوبرگ میں پانی کے بنیادی ڈھانچوں کو جدید بنانے اور ان تمام کمیونٹیز میں پانی کے معیار کو بہتر بنانے میں مدد کرے گا۔"

آج اعلان کردہ فنڈنگ میں سے، سولیوان کاؤنٹی میں قصبہ لبرٹی اور اورنج کاؤنٹی کے شہر نیوبرگ کو ریاست نیو یارک میں صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کے لیے، بنیادی ڈھانچوں کے دو طرفہ قانون سے پہلی فنڈنگ ملے گی۔ قصبہ لبرٹی کے لیے منظور شدہ بنیادی ڈھانچوں کے دو طرفہ قانون کی فنڈنگ میں 6.9$ ملین کی ایک گرانٹ اور 6.9$ ملین کی قلیل مدتی سود سے پاک فنانسنگ شامل ہے جو 18$ ملین کے مالی امدادی پیکج کا حصہ ہے جس میں 4.5$ ملین کی، واٹر انفراسٹرکچر امپرووومنٹ پروگرام کی گرانٹ بھی شامل ہے۔ یہ فنڈنگ سوان لیک ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کو وسعت دینے اور اپ گریڈ کرنے کے لیے استعمال کی جائے گی۔

بورڈ نے نیوبرگ شہر کے لیے بنیادی ڈھانچوں کے دو طرفہ قانون کی فنڈنگ کی بھی منظوری دی، جس میں 17$ ملین کے مالی امداد کے پیکیج کے حصے کے طور پر 3.5$ ملین کی گرانٹ اور 2.5$ ملین کی سود سے پاک فنانسنگ شامل ہے جس میں واٹر انفراسٹرکچر امپرووومنٹ پروگرام اور کلین واٹر اسٹیٹ ریوالونگ فنڈ کی گرانٹ بھی شامل ہے۔ اس فنڈنگ سے شہر کو 31$ ملین کا ایک منصوبہ زیر عمل لانے میں مدد ملے گی جو کہ بارش کے موسم

میں بہاؤ کو ٹھیک کرنے اور دریائے ہڈسن میں پانی کے معیار کی حفاظت کے لیے شہر کے گندے پانی کی صفائی کرنے والے پلانٹ کی صلاحیت کو بڑھا دے گا۔

**ریاست نیو یارک کی انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن کی صدر اور CEO Maureen A. Coleman نے کہا،** "آج کا اعلان بنیادی ڈھانچوں کے دو طرفہ قانون سے آنے والی سرمایہ کاری کو مؤثر اور مساوی طور پر تقسیم کرنے کے گورنر Hochul کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ میں تمام کمیونٹیز کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن کے ساتھ کام کریں تاکہ وہ یہ جان سکیں کہ وہ صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کے ان تاریخی سطح کے مالی وسائل سے کیسے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمہ تحفظ ماحولیات کے کمشنر اور انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن کے بورڈ چیئر Basil Seggos نے کہا،** "پانی کا بنیادی ڈھانچہ ہماری معیشت، ماحولیات اور ہماری کمیونٹیز کے لیے انتہائی اہم ہے۔ بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈیشن اور بہتری میں سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul کی مستقل وابستگی مضبوط اور صحت مند کمیونٹیز تعمیر کر رہی ہے اور ریاست بھر میں ملازمتیں پیدا کر رہی ہے۔ آج اعلان کردہ خاطر خواہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرے گی کہ بلدیات کے پاس وہ وسائل موجود ہوں جن کی انہیں پانی کے پرانے نظاموں کو تبدیل کرنے اور اپ ڈیٹ کرنے اور پانی کے معیار کی حفاظت کے لیے ضرورت ہے۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمہ صحت کی کمشنر Dr. Mary T. Bassett نے کہا،** "پینے کے صاف، محفوظ پانی تک رسائی صحت مند کمیونٹیز کا ایک لازمی جزو ہے۔ پانی کے بنیادی ڈھانچے میں اس سرمایہ کاری کے ذریعے، گورنر Hochul پھر سے ہمارے پینے کے پانی کی فراہمی کے نظام کی حفاظت اور اسے بہتر بنانے، اور نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے صحت مند اور صاف ستھرے ماحول کو فروغ دینے کے لیے اپنے مضبوط عزم کا مظاہرہ کر رہی ہیں۔"

**ریاست نیو یارک کے سیکرٹری Robert J. Rodriguez نے کہا،** "بنیادی ڈھانچوں کے دو طرفہ قانون کی جانب سے یہ پہلی فنڈنگ پانی کے پرانے ڈھانچے کی حامل بلدیات کو گندے پانی کی صفائی کے پلانٹس کو اپ گریڈ کرنے، ہمارے پینے کے پانی کی حفاظت اور شدید موسم سے مقابلے کی صلاحیت کو مضبوط کرنے کا عمل شروع کرنے کے قابل بنائے گی۔"

**سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Charles Schumer نے کہا،** "بنیادی ڈھانچوں میں دو طرفہ سرمایہ کاری اور جابز ایکٹ سے آنے والی روزگار پیدا کرنے والی مخصوص ہدف والی اور اثر انگیز سرمایہ کاریاں اب ایمپائر اسٹیٹ کے ہر کونے میں پانی کے نکاس کے قدیم نظاموں کو اپ گریڈ کرنے کی سمت جا رہی ہیں۔ شہر نیوبرگ سے چوٹوقوا کاؤنٹی تک، یہ 176$ ملین ہمارے پانی کے پرانے ہوتے بنیادی ڈھانچے میں انتہائی اہم اپ گریڈز کریں گے، اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمارے خاندانوں کو سیسے، PFAS اور دیگر زہریلی آلودگیوں سے پاک پینے کا صاف پانی ملے، اور ہمارے دریاؤں اور جھیلوں کو گٹروں سے ابل پڑنے والے پانی سے پاک رکھا جائے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ نوکریاں، نوکریاں، نوکریاں، نیو یارک کے پانیوں کو صحت مند اور صاف ستھرا بنانے کے لیے طویل عرصے سے زیر التواء منصوبوں کے ذریعے ہماری کمیونٹیز کو ترقی دیں گی۔ مجھے نیو یارک کے پانی کے پرانے ہوتے بنیادی ڈھانچوں کا نقشہ بدل دینے کے لیے اس تاریخی وفاقی سرمایہ کاری کی فراہمی پر فخر ہے۔"

**نمائندہ Sean Patrick Maloney نے کہا،** "میں نے بنیادی ڈھانچوں کے دو طرفہ قانون کو لکھنے میں مدد کی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہاں ہڈسن ویلی میں ہر مرد، عورت اور بچے کو پینے کے محفوظ اور قابل اعتماد پانی تک رسائی حاصل ہو۔ مجھے خوشی ہے کہ بنیادی ڈھانچے کے قانون کے فنڈز سے دسیوں ملین یہاں ہماری کمیونٹیز میں صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی فراہمی کے لیے لگائے جا رہے ہیں، جس میں نیوبرگ کے لیے 17$ ملین اور پیکپسی کے لیے تقریباً 5$ ملین شامل ہیں۔ یہ ایک بہت بڑی بات ہے اور ہمیں یہ یقینی بنانے کے لیے ایک قدم آگے لے جاتی ہے کہ نیو یارک کے تمام شہریوں کو صاف پانی ملے جس کے وہ مستحق ہیں۔"

**نمائندہ Pat Ryan نے کہا،** "مجھے اس اہم فنڈنگ کا اعلان کرتے ہوئے فخر ہے جس سے ہڈسن ویلی کی کمیونٹیز کو پینے کے صاف پانی تک رسائی حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ اس میں لبرٹی، نیوبرگ اور پیکپسی کو جانے

والی دسیوں ملین ڈالر کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ میں نیو یارک کے باشندوں کے لیے کام کرنا جاری رکھتے ہوئے ریاستی، مقامی اور وفاقی حکومت میں موجود شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کا منتظر ہوں۔"

بورڈ کی منظوریوں میں کلین واٹر اسٹیٹ ریوالونگ فنڈ اور ڈرنکنگ واٹر اسٹیٹ ریوالونگ فنڈ کے ذریعے مالیات کی فراہمی اور واٹر انفراسٹرکچر امپرووومنٹ پروگرام کے تحت پہلے ہی اعلان کردہ گرانٹس شامل ہیں۔

نیو یارک کو صاف پانی کے بنیادی ڈھانچوں کی بہتری کے لیے بنیادی ڈھانچوں کے دوطرفہ قانون سے کلین واٹر اسٹیٹ ریوولنگ فنڈ میں تقریباً 207$ ملین کی صاف پانی کی فنڈنگ ملی، جس کا حال ہی میں امریکی انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی اور گورنر Hochul نے اعلان کیا ہے۔ یہ اس سال صاف اور پینے کے پانی کے بنیادی ڈھانچوں کے لیے نیو یارک کو جانے والی بنیادی ڈھانچوں کے دوطرفہ قانون کی تقریباً 427$ ملین کی فنڈنگ کی پہلی قسط ہے۔ بنیادی ڈھانچوں کا دوطرفہ قانون، انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن کے اسٹیٹ ریوالونگ فنڈ کے فنانسنگ کے منصوبوں میں پانچ سال تک سالانہ اضافی فنڈنگ ساتھ شامل کرے گا۔ 2023 میں صاف اور پینے کے پانی کے بنیادی ڈھانچوں کے لیے اضافی 482$ ملین متوقع ہیں۔ یہ گرانٹس وفاقی مالی سال 2023 میں نیو یارک کے کلین واٹر اسٹیٹ ریوالونگ فنڈ پروگرام کے لیے معمول کی وفاقی فنڈنگ میں تقریباً 125$ ملین کا اضافہ کریں گی۔ انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن کا تخمینہ ہے کہ کلین واٹر اسٹیٹ ریوالونگ فنڈ مالی سال 2023 کے دوران بلا سود یا کم شرح سود کی مالی اعانت اور صاف پانی کے منصوبوں کی لاگت کی گرانٹس کے لیے تقریباً 1.2$ بلین فراہم کر سکتا ہے۔

اس موسم خزاں کے آخر میں پینے کے پانی کے منصوبوں کے لیے بنیادی ڈھانچوں کے دو طرفہ قانون سے نیو یارک کو اضافی 220$ ملین ایوارڈ ہونے کی توقع ہے، جو کہ اس سال پینے کے پانی کے بنیادی ڈھانچے کے لیے باقاعدہ وفاقی فنڈنگ مد میں 45$ ملین کی اضافی رقم ہے۔ محکمہ صحت کا تخمینہ ہے کہ ڈرنکنگ واٹر اسٹیٹ ریوالونگ فنڈ مالی سال 2023 کے دوران تقریباً 438$ ملین بلاسود یا کم شرح سود کی مالی اعانت اور پینے کے پانی کے منصوبوں کی لاگت کی گرانٹس کے لیے فراہم کر سکتا ہے۔ پانی کے بنیادی ڈھانچے کی فنڈنگ کے مواقع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**صاف پانی کے پروجیکٹ کے لیے منظور شدہ فنڈنگ**

- **اورنج کاؤنٹی میں نیوبرگ شہر -** 2,568,662$ قلیل مدتی بلاسود فنانسنگ میں اور 3,559,825$ کی گرانٹ بنیادی ڈھانچوں کے دوطرفہ قانون کے جنرل سپلیمینٹل فنڈز سے، 5,577,500$ کی WIIA گرانٹ؛ اور مشترکہ سیوریج اکٹھا کرنے کے نظام اور گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ کو بہتر بنانے کے لیے 5,577,500$ کی کلین واٹر اسٹیٹ ریوالونگ فنڈ گرانٹ۔
- **سولیوان کاؤنٹی میں قصبہ لبرٹی -** 6,916,000$ قلیل مدتی بلاسود فنانسنگ میں اور 6,916,000$ کی گرانٹ بنیادی ڈھانچوں کے دوطرفہ قانون کے جنرل سپلیمینٹل فنڈز سے؛ اور 4,500,000$ کی WIIA گرانٹ سوان لیک ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی توسیع اور اپ گریڈ کرنے کے لیے۔
- **سینٹ لارنس کاؤنٹی میں قصبہ ہرمن -** گندے پانی کو جمع کرنے اور صاف کرنے کے نظام میں بہتری کے لیے 2,000,000$ کی قلیل مدتی بلاسود فنانسنگ۔
- **جیفرسن کاؤنٹی میں گاؤں ایڈمز -** 3,094,942$ طویل مدتی بلاسود فنانسنگ میں اور 252,779$ کی WIIA گرانٹ پانی کی آلودگی پر قابو پانے کی سہولت اور جمع کرنے کے نظام کو اپ گریڈ کرنے کے لیے۔
- **کلنٹن کاؤنٹی میں قصبہ آزیبل -** 5,348,808$ طویل مدتی بلاسود فنانسنگ میں اور 669,949$ WIIA گرانٹ جمع کرنے کے نظام اور گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ کی بحالی کے لیے۔
- **چوٹوقوا کاؤنٹی میں قصبہ چوٹوقوا -** چوٹوقوا ہائٹس سیور ڈسٹرکٹ ٹریٹمنٹ پلانٹ کو ختم کرنے اور پمپ اسٹیشن اور فورس مین کی تعمیر کے لیے طویل مدتی بلاسود فنانسنگ میں 1,822,856$۔
- **نیو یارک سٹی بلدیاتی واٹر فنانس اتھارٹی -** 97,436,193$ طویل مدتی سود پر مبنی فنانسنگ طوفان کی تخفیف کے لیے قرض کے منصوبے کے ایک حصے کے طور پر نیو یارک شہر کے مختلف ویسٹ واٹر

ٹریٹمنٹ پلانٹس اور پمپ اسٹیشنز پر سیلاب سے بچاؤ اور مقابلہ کرنے کی صلاحیت کے اقدامات کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیر کے لیے ۔

- **سافک کاؤنٹی -** 6,793,302$ طویل مدتی بلاسود فنانسنگ طوفان کی تخفیف کے لیے قرض کے منصوبے کے ایک حصے کے طور پر برجن پوائنٹ ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ میں ایفلوئنٹ پمپ اسٹیشن کی بحالی کے منصوبے کے لیے۔

**پینے کے پانی کے پروجیکٹ کے لیے منظور شدہ فنڈنگ**

- **سافک کاؤنٹی میں جنوبی ہنٹنگٹن واٹر ڈسٹرکٹ -** 715,500$ ابھرتی ہوئی آلودگیوں کی گرانٹ اور 750,000$ کی WIIA گرانٹ پلانٹ نمبر 10 میں Dioxane-1,4 اور دیگر غیر مستحکم نامیاتی مرکبات کو ہٹانے کے لیے ایک نیا جدید آکسیڈیشن پروسیس ٹریٹمنٹ نظام بنانے کے لیے۔
- **ڈچس کاؤنٹی میں پیکپسی شہر اور قصبہ -** ایک فنڈنگ پیکج ایک مشترکہ منصوبے کے لیے جس میں پانی کی صفائی کی مشترکہ سہولت کے افعال کو بہتر بنایا جائے گا، جس میں موجودہ الٹرا وائلٹ ڈس انفیکشن نظام کو اپ گریڈ کرنا، بلاتعطل بجلی کی فراہمی کے نظام کی تبدیلی اور پائپ گیلری میں HVAC نظام میں بہتری شامل ہے۔

  - پیکپسی شہر - 1,081,157$ قلیل مدتی مارکیٹ ریٹ فنانسنگ میں اور 1,621,568$ کی WIIA گرانٹ جس میں پیکپسی جوائنٹ واٹر بورڈ کو جاری کردہ ایوارڈ میں شہر کے حصے کے 2,952,600$ شامل ہیں۔
  - قصبہ پیکپسی: 902,918$ قلیل مدتی مارکیٹ ریٹ فنانسنگ میں اور 1,331,032$ کی WIIA گرانٹ جس میں پیکپسی جوائنٹ واٹر بورڈ کو جاری کردہ ایوارڈ میں قصبے کے حصے کے 2,952,600$ شامل ہیں۔

- **نیو یارک شہر بلدیاتی واٹر فنانس اتھارٹی -** 9,110,530$ کی طویل مدتی بلاسود فنانسنگ Shaft 18 کے ارد گرد کینسیکو ریزروائر کے ساحلوں کو مستحکم کرنے کے لیے جو کہ طوفان کی تخفیف کے لیے قرض کے منصوبے کا حصہ ہے۔
- **سٹیوبن کاؤنٹی میں ہارنل شہر -** 3,792,500$ طویل مدتی بلاسود فنانسنگ میں اور 160,654$ کی WIIA گرانٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کے نمبر 1 کلیریفائر اور اسٹوریج ٹینک میں پانی کے نظام کو اپ گریڈ کرنے، ایک نئے اسٹوریج ٹینک کی تعمیر، ذخائر میں بہتری اور نگرانی کے کنٹرول اور ڈیٹا کے حصول کے نظام کے لیے۔
- **سراٹوگا کاؤنٹی میں میکانیک ویل شہر -** 2,925,000$ طویل مدتی بلاسود فنانسنگ میں اور 616,492$ کی ڈرنکنگ واٹر اسٹیٹ ریوالونگ فنڈ گرانٹ شہر کو سراٹوگا کاؤنٹی واٹر اتھارٹی نظام سے جوڑنے کے لیے۔

**پانی کے معیار کے حوالے سے نیو یارک کا عزم**

نیو یارک صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاریوں میں اضافہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، 23-2022 کا نافذ شدہ بجٹ تاریخی صاف پانی، صاف ہوا، اور گرین جابز ماحولیاتی بانڈ ایکٹ (Clean Water, Clean Air, and Green Jobs Environmental Bond Act) لینڈ مارک کے لیے کل 4.2$ بلین کے لیے، اضافی 1.2$ بلین کی منظوری دیتا ہے۔ جاری عام انتخابات میں ووٹرز کے سامنے رکھے جانے والے اس تاریخی اقدام میں پانی کے پرانے ڈھانچے کو اپ ڈیٹ کرنے اور پانی کے معیار کی حفاظت کے لیے فنڈنگ؛ فضائی آلودگی میں کمی اور آب و ہوا میں تبدیلی کرنے والے اخراجوں کو کم کرنا؛ جنگلی حیات کی قدرتی آماجگاہوں کی بحالی؛ شدید طوفانوں اور سیلاب کا مقابلہ کرنے کے لیے کمیونٹیز کی صلاحیت کو مضبوط بنانا؛ بیرونی جگہوں اور

مقامی کھیتوں کو محفوظ رکھنا؛ اور پسماندہ کمیونٹیز میں وسائل کے 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ کم از کم 35 فیصد سرمایہ کاری کرکے ایکویٹی کو یقینی بنانا شامل ہے۔

اس کے علاوہ، بجٹ میں صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی فنڈنگ میں مزید 500$ ملین شامل کیے گئے ہیں، جس سے ریاست کے صاف پانی کی کُل سرمایہ کاری 2017 سے 4.5 بلین ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ اس میں ماحولیاتی تبدیلیوں کو کم کرنے اور موافقت کی کوششوں میں مدد کرنے، مستحکم زراعت کو فروغ دینے کے لیے زرعی وسائل کو بہتر بنانے، ہمارے آبی ذرائع کی حفاظت کرنے، تحفظ کی کوششوں کو آگے بڑھانے، اور نیویارک کے شہریوں کے لیے تفریحی مواقع فراہم کرنے کے لیے ماحولیاتی تحفظ کا 400$ ملین کا ریکارڈ فنڈ بھی شامل ہے۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418